SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

March 14, 2023

## معاشی ترقی کے لیے کمپنیز ایکٹ میں ترامیم تجویز کرنے کے لئے کمیٹی قائم: ایس ای سی پی

اسلام آباد (مارچ 14) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے پاکستان میں کاروبار کی ترقی کو فروغ دینے اور کمپنیز ایکٹ کو بین الاقوامی بہترین طریقوں سے ہم آہنگ کرنے کے پیش نظر کمپنیز ایکٹ، 2017 کا ایک جامع جائزہ شروع کیا ہے۔

اس مقصد کے لیے، ایس ای سی پی کے چیئرمین جناب عاکف سعید نے ایک خصوصی کمیٹی قائم کی ہے جسے ایکٹ کا جائزہ لینے، ترامیم کی سفارشات تیار کرنے اور اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ ایک وسیع مشاورت کرنا ہے۔ ایس ای سی پی کا خیال ہے کہ ایکٹ میں کسی بھی مجوزہ تبدیلی کو بین الاقوامی بہترین طرز عمل سے ہم آہنگ کرنے میں ماہرین کی رائے اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔